# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

## پریس ریلیز

**فیئر پرائس شاپس کے ثمرات عوام الناس تک بہترین انداز میں پہنچائے جا رہے ہیں،سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو**

لاہور : 31مارچ2024 (     ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کا ملتان میں محکمہ زراعت کے تحت قائم ایگریکلچر فیئر پرائس شاپ کا اچانک دورہ۔ ایگریکلچر فیئر پرائس شاپ کے انتظامات پر عدم اطمینان کا اظہار کیا۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے ہدایات دیں کہ فیئر پرائس شاپ پر مامور عملہ اپنی کارکردگی بہتر کرے اور خریداری کیلئے آئے شہریوں کو سہولیات کی فراہمی یقینی بنائے۔اس موقع پر انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر محکمہ زراعت پنجاب کے تحت قائم فیئر پرائس شاپس کے ثمرات عوام الناس تک بہترین انداز میں پہنچائے جا رہے ہیں۔انہوں نے ڈیوٹی پر مامور عملہ کو شہریوں کیلئے کاؤنٹرز کی تعداد بڑھانے اور خواتین کیلئے پورشنز علیحدہ کرنے کے احکامات بھی دیئے۔انہوں نے مزید کہا کہ فیئر پرائس شاپس پر تمام 13اشیاء صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک وافر مقدار میں دستیاب ہونی چاہیں اور کسی بھی آئٹم کی قلت ہرگز نہیں ہونی چاہیے۔

0-0-0-0-0